09/04/2025 09.20 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **اشفاق امین** سے خبریں سُنئے

**وزیر داخلہ**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی سرکار جموں کشمیر میں دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنے اور یہاں دائمی امن کے لئے کمر بستہ ہے ۔

جموں کشمیر کے تےن روزہ دورے کے آخری دن کل یونیفائڈ ہیڈ کوارٹر کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے امت شاہ نے کہا کہ اب جموں کشمیر میں تشدد کا گراف کافی نیچے آ گیا ہے اور در اندازی نیز دہشت گرد گروہوں میں نوجوانوں کی بھرتی صفر کے قریب آ گئی ہے ۔ انہوں نے جموں کشمیر میں مکمل قیام امن کے لئے سیکورٹی ایجنسیوں کو آپس میں قریبی تال میل بنائے رکھنے کی تاکید کی ۔

میٹنگ میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، داخلہ سیکریٹری ، چیف سیکریٹری، انٹیلی جنس بیورو کے ڈائریکٹر ، فوجی سربراہ ، فوج کی شمالی کمان کے سربراہ ، پولیس سربراہ اور دیگر سلامتی ایجنسیوں کے اعلیٰ عہدیدار بھی موجود تھے ۔

**امت شاہ**

اس سے پہلے امت شاہ نے ایک علیحدہ میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی سرکار ایک ترقی یافتہ جموں کشمیر کی تعمیر کے لئے غیر متزلزل عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے ۔

انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند برس کے دوران جموں کشمیر میں ہر سیکٹر میں ترقی ہوئی ہے جس کی بدولت یہاں کے مجموعی ترقیاتی منظر نامے میں قابل قدر تبدیلی آئی ہے ۔ اس میٹنگ میں لیفٹنٹ گورنر کے علاوہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نیز انتظامیہ کے دیگر سینئر آفیسر بھی موجود تھے ۔

**چناو کمیشن**

بھارتیہ چناو کمیشن کی طرف سے بڈگام اور نگروٹہ اسمبلی حلقوں میں ضمنی چناو کے لئے خصوصی سمری رویژن کا آغاز ہو گیا ہے ۔

جموں کشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر نے اِن دونوں حلقوں میں تمام اہل رائے دہندگان سے کہا ہے کہ ووٹر فہرستوں میں اپنی تفصیلات کی تصحیح کرائیں۔

اس سلسلے میں دعووں اور اعتراضات کو دو مئی تک حل کیا جائے گا جبکہ حتمی چناوی فہرست پانچ مئی کو مشتہر کی جائے گی ۔

**مدرا یوجنا**

جمونو کشمیر نے پر دھان منتری مدرا یوجنا کے تحت قرضوں کی واگذاری میں نمایاں پیش رفت حاصل کی ہے اور اس حوالے سے جمونو کشمیر کو تمام یوٹیز میں پہلا مقام حاصل ہے۔

Ashutosh Sareen سکیم کے تعلق سے جب ہم نے جمونو کشمیربینک میں جنرل منیجر کریڈٹ کے ساتھ بات کی، تو انہوں نے کہا۔

**جاوید احمد رانا**

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت جموں کشمیر سرکار عوام کے لئے ایک با اثر حکمرانی کی فراہمی اور عوامی شکایات کا ترجیحی حل فراہم کرنے کے عزم پر کاربند ہے ۔

سول سیکریٹریٹ جموں میں عوامی شکایات کے ازالے کے ایک پروگرام میں انہوں نے کہا کہ سرکارکی بنیادی توجہ لوگوں کے معیار زندگی میں بہتری لانے پر مرکوز ہے ۔

**درخشاں اندرابی**

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹردرخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے قیام امن اور اس کی ضمانت ملنے کے بعدجموں کشمیر کے سیاحتی سیکٹر کوزبر دست استحکام ملا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس سے عالمی نقشے پر ایک مرتبہ پھر جموں و کشمیر کی ایک بہتر شبیہ قائم ہوئی ہے اور اب جموں کشمیر کو خون خرابہ ا و ر تشد دسے نہیں پہچانا جاتا۔

**باغ گلِ لالہ**

سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ میں سیلانیوں کا بلا ناغہ آنا جانا جاری ہے اور کل مزید 11 ہزار 531 سیلانیوننے باغ کی سیر کرکے قدرتی نظارونکا لطف اٹھایا، جن میں تین ہزار 254 مقامی ، 8 ہزار 254 ملکی اور 23 غیر ملکی سیاح شامل تھے۔

اب تک مجموعی طور پر4 لاکھ 21 ہزار چا 825 سیاحوں نے ٹولپ گارڈن کا نظارہ کیاہے ۔

**جنگلات آگ**

جنگلات میں لگی آگ کو قابو کرنے Hutmarah فاریسٹ ڈویژن میں Lidder اننت ناگ ضلع کے میں محکمہ جنگلات کے اہلکاروں کے ساتھ ساتھ مقامی لوگوں نے زبردست محنت کی ہے ۔

متعلقہ فاریسٹ آفیسر شمع روحی نے بتایا کہ ان کوششونکی بدولت آگ کی لپیٹ میں آئے 75 فیصد حصے سے آگ بجھائی گئی ہے ۔ انہوں نے اس سلسلے میں فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کے عملے کی بھی سراہنا کی ۔

**وقف ترمیمی قانون**

وقف ترمیمی قانون 2025 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی منظوری ملنے کے ساتھ ہی نافذ ہو گیا ہے۔ اس سلسلے میں صدر جمہوریہ نے ایک با ضابطہ نوٹفکیشن جاری کیا ہے۔ پچھلے ہفتے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں نے اس بل کو منظوری دی تھی۔

ا

---

س قانون کا مقصد وراثتی مقامات کو تحفظ فراہم کر کے سماجی فلاح و بہبود سے متعلق ± ضابطوں کی مد د سے وقف جائیدادوں کے بندوبست کو بہتر بنانا ہے۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22اعشاریہ 8ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ